# 25-04-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے تمام چیف منسٹرس کو ہدایت دی کہ پاکستانی شہریوں کی ان کے وطن واپسی کو یقینی بنایا جائے۔

۲۔مرکزی حکومت نے سپریم کورٹ میں داخل اپنے حلف نامہ میں کہا کہ وقف قانون 1995ء میں اس لئے ترامیم کی گئی تاکہ اس قانون کے غلط استعمال کو روکا جاسکے۔

۳۔ تلنگانہ۔چھتیس گڑھ سرحد پر پہاڑی علاقے میں دس ہزار سکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ وسیع پیمانے پر نکسل مخالف آپریشن آج پانچویں دن بھی جاری رہا۔

اور

وزیراعظم نریندر مودی 27 اپریل کو آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک اور بیرونی ممالک کے عوام سے اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔

IPL:

آئی پی ایل ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں آج سن رائزرس حیدرآباد اور چنئی سوپر کنگس کے بیچ مقابلہ ہوگا۔شام ساڑھے سات بجے میچ کا آغاز ہوگا۔دونوں ٹیمیں اپنے ابتدائی آٹھ میچوں میں سے صرف دو، دو میچ جیت کر پوائنٹس ٹیبل میں سب سے نیچے ہیں۔بنگلورو میں کل کھیلے گئے ایک مقابلے میں رایل چیلنجرس بنگلورو نے راجستھان رائلز کو گیارہ رنوں سے شکست دی۔

KASTURIRANGAN:

اسرو کے سابق چیئرمین و ہندوستان کی نئی تعلیمی پالیسی کے معمار ڈاکٹر کے کستوری رنگن کا آج صبح بنگلورو میں ان کی رہائش گاہ پر انتقال ہوگیا۔وہ چوراسی برس کے تھے۔اسرو کے چیرمین کی حیثیت سے ڈاکٹر کستوری رنگن نے پولار سٹیلائٹ لانچ وہیکل ،پی ایس ایل وی کی تیاری میں اہم رول ادا کیا تھا جس کا شمار اب ہندوستان کے زیادہ قابل اعتبار سٹیلائٹ لانچر کے طور ہوتا ہے۔27 اگست 2003 کو اپنے عہدے سے سبکدوش ہونے سے پہلے انہوں نے ہندوستانی خلائی پروگرام کے لئے نو سال خدمات انجام دیں۔ڈاکٹر کستوری رنگن نے جواہر لعل نہرو یونیورسٹی کے چانسلر، کرناٹک نالج کمیشن کے چیئرمین اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ایڈوانسڈ اسٹڈیز بنگلورو کے ڈائرکٹر کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دی ہیں۔سال 2003 سے 2009 تک وہ راجیہ سبھا کے رکن بھی تھے۔معروف سائنس داں کے اتوار کو آخری دیدار کے لئے بنگلورو میں انتظامات کئے

جارہے ہیں۔ ڈاکٹر کستوری رنگن کی موت پر وزیراعظم نریندر مودی نے دکھ کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ ان کی دوراندیش قیادت اور ملک کے تئیں بےلوث خدمات کو ملک ہمیشہ یادرکھے گا۔

MIM:

حیدرآباد لوکل باڈی تلنگانہ قانون ساز کونسل کے انتخابات میں اے آئی ایم آئی ایم کے امیدوار مرزا ریاض الحسن آفندی نے اپنے حریف بی جے پی امیدوار گوتم راؤ کو شکست دیتے ہوئے انتخاب جیت لیا ہے۔ اس سیٹ پر 23 اپریل کو ووٹنگ ہوئی تھی۔اس میں اسدالدین اویسی کی قیادت والی اے آئی ایم آئی ایم اور بی جے پی امیدواروں کے بیچ مقابلہ تھا۔حکمراں کانگریس اور اہم اپوزیشن پارٹی بی آر ایس نے اپنے امیدوار کھڑے نہیں کئے تھے۔سرکاری ذرائع کے مطابق جملہ 88 ووٹ ڈالے گئے تھے جن میں اے آئی ایم آئی ایم امیدوار کو 63 ووٹ حاصل ہوئے جبکہ بی جے پی امیدوار کو 25 ووٹ ملے ہیں۔اس الیکشن میں جملہ 112 اہل ووٹرس تھے۔جن میں جی ایچ ایم سی کے 81 کارپوریٹرس اور 31 بہ اعتبار عہدہ ارکان یعنی ایم ایل ایز،ایم پیز اور ایم ایل سیز شامل تھے۔

WEATHER:

تلنگانہ کے مختلف اضلاع عادل آباد،کومرم بھیم آصف آباد، منچریال،نرمل اور نظام آباد کے کئی مقامات پر رات کے اوقات میں حدت اور گرمی کی شدید لہر برقرار رہ سکتی ہیں۔ ان اضلاع کے لئے آرینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق تلنگانہ کے کئی اضلاع میں گرمی کی لہر برقرار رہ سکتی ہے۔محکمہ نے جانکاری دی کہ اضلاع سدی پیٹ،رنگا ریڈی،حیدرآباد،میڈچل ملکاجگیری،وقارآباد، سنگاریڈی،میدک کاماریڈی اور محبوب نگر میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

MAOISTS:

تلنگانہ۔چھتیس گڑھ سرحد پر پہاڑی علاقے میں دس ہزار سکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ وسیع پیمانے پر نکسل مخالف آپریشن آج پانچویں دن بھی جاری رہا۔ایک سینئر عہدیدار کے مطابق ممنوعہ سی پی آئی ماؤسٹ کے سرکردہ قائدین سمیت تقریباً 500 ارکان کو گھیرے میں لے لیا گیا ہے۔کل،کرے گٹہ ہلز میں کی گئی ایک کارروائی کے دوران تین خاتون نکسلیوں کو ہلاک کیا گیا اور انکاؤنٹر کے مقام سے بھاری مقدار میں اسلحہ، دھماکہ خیز مادہ اور دیگر سامان برآمد کیا گیا۔چھتیس گڑھ سرحد کے قریب دورگم گٹہ اور کرے گٹہ کے جنگلاتی پہاڑی علاقوں میں پیر کے روز یہ آپریشن لانچ کیا گیا تھا۔اسی دوران بستر ریجن کے سی پی آئی ماؤسٹ انچارج روپیش نے ریاستی و مرکزی حکومت سے آپریشن فوری طور پر روکنے کی اپیل کی۔انہوں نے حکومت سے کہا

کہ وہ امن مذاکرات کی پیشکش کو قبول کرے۔

MALARIA DAY:

آج عالمی یوم ملیریا منایا جارہا ہے۔ملیریا کے تعلق سے بیداری اوراس بیماری بچنے کی تدابیر کے تعلق سے شعور بیدار کرنے کیلئے عالمی صحت عالمی صحت تنظیم ڈبلیوایچ اوکی جانب سے یہ پہل کی گئی ہے۔اس موقع پر کہا گیا کہ اِس بیماری کو عالمی سطح سے ختم کرنے کے لئے موثر اقدامات کئے جائیں۔آپ کو بتادیں کہ مچھر کے کاٹنے سے ملیریا ہوتا ہے۔اس سے لاکھوں افراد متاثر ہوتے ہیں۔

VISA:

پہلگام دہشت گرد حملہ کے تناظر میں پاکستانی شہریوں کے ویزا منسوخ کرنے کے فیصلہ کے بعد مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے آج تمام وزرائے اعلیٰ سے بات کی اوران سے کہا کہ وہ اپنی ریاستوں میں تمام پاکستانی شہریوں کی نشاندہی کریں۔ ذرائع کے مطابق امیت شاہ نے وزرائے اعلیٰ پرزوردیا کہ وہ پاکستانی شہریوں کی فوری واپسی کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کریں۔ہندطاس آبی معاہدہ کے ضمن میں مرکزی وزیر داخلہ آج شام ایک اہم اجلاس میں شرکت کریں گے۔مرکزی وزیر جل شکتی سی آر پاٹل اور دیگر سینئر عہدیداران اس میں شرکت کریں گے۔

PM - MANN KI BAAT:

وزیر اعظم نریندر مودی 27 اپریل کو آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک اور بیرونی مما لک کے عوام سے اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 121 واں اپی سوڈ رہے گا۔آکاش وانی اور دوردرشن کے تمام نٹ ورکس کے علاوہ اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن ایئر موبائل ایپ پر پروگرام نشر ہوگا۔ ہندی نشریات کے بعد علاقائی زبانوں میں یہ پروگرام دوبارہ نشر ہوگا۔تمام آکاش وانی حیدرآباد کیندر پر اسی روز رات 8 بجے من کی بات پروگرام تلگو میں دوبارہ نشر ہوگا۔

PROTEST:

کشمیر کے پہلگام میں ہوئے دہشت گرد حملہ کے خلاف احتجاجی مظاہرے جاری ہیں۔حیدرآباد کی مکہ مسجد میں نماز جمعہ کے موقع پر مصلیوں نے اپنے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ رکھی تھیں۔نماز جمعہ کے بعد پاکستان مردہ باد اور ہندوستان زندہ باد کے نعرے لگائے گئے۔حیدرآباد کے رکن پارلیمنٹ وایم آئی ایم کے سربراہ اسدالدین اویسی نے کل ایک ویڈیو پیام جاری کرتے ہوئے تمام لوگوں سے پہلگام حملہ پر اپنا احتجاج درج کرانے کے لئے ہاتھوں پر سیاہ پٹی باندھنے کی اپیل کی تھی۔آج

شام وزیراعلیٰ ریونت ریڈی پیپلز پلازہ سے اندرا گاندھی کے مجسمہ تک کینڈل مارچ کی قیادت کریں گے۔

Bharat Summit:

حیدرآباد کے ایچ آئی سی سی مادھوپور میں آج سے دوروزہ بھارت سمٹ 2025ء کا آغاز ہوا۔ ناوابستہ تحریک کی بنیاد بننے والی تاریخی بینڈنگ کانفرنس کے 70 سال مکمل ہونے پر سمردھا بھارت فاؤنڈیشن کے اشتراک سے یہ سمٹ منعقد کی جارہی ہے۔ عالمی سطح پر امن وانصاف کے قیام میں ہندوستان کے رول کو اس سمٹ کے دوران اجاگر کیا جارہا ہے۔ عالمی انصاف کی فراہمی اس سمٹ کا موضوع ہے۔ 100 سے زیادہ مما لک کے 450 سے زائد مندوبین اس میں شرکت کررہے ہیں۔ اِس سمٹ کے دوران مقررین نے فرضی خبروں کے پھیلاؤ پر تشویش کا اظہار کیا اور کہا کہ بنیاد پرست قوتیں عالمی ترقی کے عمل کو متاثر کررہی ہیں۔ سابق مرکزی وزیر ڈگ وجے سنگھ نے پینل ڈسکشن میں حصہ لیتے ہوئے غلط خبروں کے پھیلاؤ کو روکنے کو وقت کی ضرورت بتایا۔ تلنگانہ وزیر ریونیو پی سرینواس ریڈی نے بھی اس میں حصہ لیا۔ سیاست میں نوجوانوں کی شمولیت کی ضرورت پر بھی اس سمٹ کے دوران مباحث ہوئے۔ ملیشیاء، برازیل، کیوبا، ارجنٹینا سمیت دیگر مما لک کے مندوبین اور لیڈروں نے اس میں حصہ لیا۔

WAQF-SC

مرکزی حکومت نے وقف ترمیمی قانون پر آج سپریم کورٹ میں ایک حلف نامہ داخل کیا۔ اپنے حلف نامہ میں حکومت نے عدالت کو بتایا کہ اس نے وقف قانون 1995 میں اس لئے ترامیم کی تاکہ وقف قانون کے غلط استعمال کو روکا جاسکے۔ جس کے نتیجہ میں سرکاری جائیدادوں پر قبضے ہورہے تھے۔ اس کے علاوہ وقف کے انتظام اوراس میں شفافیت لانے کیلئے بھی ترمیم کی گئی۔ مرکزی وزارت اقلیتی امور کی جانب سے داخل کردہ ابتدائی حلف نامہ میں کہا گیا کہ قانون اور سرکاری جائیدادوں پر قبضہ کیلئے وقف کی دفعات کا غلط استعمال کیا گیا ہے۔ حکومت نے عدالت کو بتایا کہ اس نے بیشتر وقف بورڈس کی کارکردگی میں غیر شفافیت پائی ہے اور بورڈس نے یا تو عوامی سطح پر تفصیلات اَپ لوڈ نہیں کی یا پھر اگر کی بھی تو جزوی تفصیلات اَپ لوڈ کی۔ چیف جسٹس آف انڈیا سنجیو کھنا کی قیادت والی بنچ نے اس معاملہ کی اگلی سماعت 5 مئی کو مقرر کی۔

☆☆